© rasailojaraid.com



# مسافران آخرت

## اناللہ وانا الیہ راجعون

### حضرت مولانا سعید احمد خان رحمتہ اللہ علیہ:۔

۲۵/رجب ۱۴۱۹ھ مطابق ۱۵/نومبر ۱۹۹۸ء کو عالمی تبلیغی جماعت کے سرپرست و رہنما حضرت مولانا سعید احمد خان مدینہ منورہ میں انتقال کر گئے۔ وہ بانی جماعت تبلیغ حضرت مولانا محمد الیاس رحمہ اللہ کی حیات میں اس جماعت سے وابستہ ہوئے اور ان کی تربیت کے بعد پھر اپنی تمام عمر تبلیغ اسلام میں کھپا دی۔ ان کے دینی جذبے، فکر آخرت اور تقویٰ کو دیکھ کر عہد صحابہؓ یاد آجاتا تھا۔ مولانا کا وجود مسلمانوں کے لئے ایک بہت بڑی نعمت تھا۔ وہ اللہ کی نشانیوں میں سے ایک تھے۔

### حضرت مولانا محمد طسین رحمتہ اللہ علیہ:۔

پاکستان کے ممتاز عالم دین اور محقق حضرت مولانا محمد طسین گزشتہ ماہ کراچی میں انتقال فرما گئے۔ مولانا مرحوم کا علمی مقام مُسلّمہ ہے۔ انہوں نے کم و بیش نصف صدی اپنے قلم اور زبان سے دین اسلام کی خدمت کی۔ انہوں نے انسانی معاشرتی مسائل، فقہی و تحقیقی عنوانات اور دیگر دینی موضوعات پر بہت کچھ لکھا اور اپنی فکری و علمی صلاحیتوں سے مسلمانوں کو بھرپور نفع پہنچایا۔ وہ بہ ظاہر خاموش مگر اپنے کام کے حوالے سے ایک طاقتور تحریک تھے۔ مجلس علمی فاؤنڈیشن کراچی ان کی یادگار ہے۔

### چودھری علی احمد مرحوم:۔

مجلس احرار اسلام سیالکوٹ کے صدر محترم چودھری علی احمد صاحب گزشتہ ماہ انتقال کر گئے۔ مرحوم گزشتہ پچاس برس سے مجلس احرار اسلام سے وابستہ تھے۔ مجلس کی برپا کی ہوئی تحریکوں میں پوری سرگرمی سے حصہ لیا۔ قید کاٹی اور مصائب برداشت کئے۔ تحریک کشمیر ۱۹۳۱ء اور تحریک تحفظ ختم نبوت ۱۹۵۳ء میں ان کی خدمات ناقابل فراموش ہیں۔

### جناب شیخ بشیر احمد کو صدمہ:۔

مجلس احرار اسلام ملتان کے ناظم جناب شیخ بشیر احمد (نور محلی) شیخ نذیر احمد، شیخ کلز احمد، شیخ شبیر احمد کی ہمشیرہ محترمہ گزشتہ ماہ انتقال کر گئیں۔

### والدہ حافظ رحیم بخش:۔

مدرسہ معمورہ، مسجد نور تغلق روڈ ملتان کے امام و مدرس حافظ رحیم بخش صاحب کی والدہ ماہ رمضان المبارک کو ملتان میں انتقال کر گئیں۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



حکیم عزیزاللہ مرحوم :- ہمارے قدیمی کرم فرما اور مہربان حکیم عزیز اللہ صاحب ملتان میں رحلت فرما گئے۔

## جناب علیم ناصری کو صدمہ :-

ہفت روزہ الاعتصام کے قدیم معاون، ممتاز اہل حدیث عالم اور شاعر ہمارے مہربان، محترم علیم ناصری کی بیٹی اور داماد گزشتہ دنوں ایک حادثہ میں جاں بحق ہو گئے۔

## جناب نور حسین کو صدمہ :

ملتان سے ہمارے کرم فرما جناب نور حسین جہلمی کی اہلیہ انتقال کر گئیں۔

## محترم پیر سید محمد اسعد شاہ صاحب ھمدانی کو صدمہ :-

حضرت پیر سید خورشید احمد شاہ ھمدانی قدس سرہ کی اہلیہ محترمہ اور سید محمد اسعد شاہ صاحب، سید حسین احمد شاہ صاحب اور سید محفوظ الرحمن شاہ صاحب کی والدہ ماجدہ، رمضان المبارک کو رحلت فرما گئیں۔

## حکیم محمد حسن صاحب مرحوم :

مجلس احرار اسلام ملتان کے کارکن محترم حکیم محمد حذیفہ کے چچا محترم حکیم محمد حسن صاحب ۱۰ رمضان المبارک ۱۴۱۹ھ مطابق ۳۰ دسمبر ۱۹۹۸ء کو ملتان میں انتقال کر گئے۔

- مجلس احرار اسلام صادق آباد کے صدر محترم چودھری گلزار احمد صاحب کی ہمشیر گزشتہ ماہ انتقال کر گئیں۔

اراکین ادارہ تمام مرحومین کے لئے دعاء مغفرت کرتے رہیں۔ اللہ تعالیٰ سب کی مغفرت فرمائے، حسنات قبول فرمائے، خطائیں معاف فرمائے اور درجات بلند فرمائے (آمین) تمام پسماندگان سے اظہار ہمدردی کرتے ہیں۔ اللہ تعالی انہیں صبر جمیل عطاء فرمائے اور صبر پر اجر عطاء فرمائے۔ (آمین)

قارئین سے درخواست ہے کہ مغفرت و رحمت کے مبارک مہینہ رمضان میں اللہ کے ان بندوں کو اپنی دعاؤں میں یاد رکھیں اور دعاء مغفرت و ایصال ثواب کا اہتمام فرمائیں۔ (ادارہ)

## دعاء صحت

- مجلس احرار اسلام ملتان کے رکن اور شیخ بشیر احمد (نور محلی) کے برادر اصغر شیخ صوفی بشیر احمد صاحب شدید علیل ہیں۔
- مجلس احرار اسلام سیالکوٹ کے صدر جناب سالار عبد العزیز صاحب گزشتہ چند ماہ سے شدید علیل ہیں۔

احباب سے درخواست ہے کہ ان کی شفایابی کے لئے خصوصی دعاء فرمائیں۔ اللہ تعالیٰ انہیں صحت کاملہ عطاء فرمائے (آمین) ادارہ

© rasailojaraid.com